ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل سلسلہ "راہِ اسلام"

# اسلامیات



پہلی جماعت کے لیے

Darulmadinah Int'l University Press

# اسلامیات



Darulmadinah Int'l University Press

پہلی جماعت کے لیے

نام ______________________________

ولدیت ____________________ فون ____________

جماعت ______________ سیکشن ______________

ایڈمیشن آئی۔ڈی __________ جی۔آر نمبر __________ رول نمبر __________

اسکول ______________________________

# اسلامیات پرائمری (سلسلہ راہِ اسلام)

تدریسی عمل میں کتاب کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ یہ اساتذہ کو طلبہ کی تربیت کرنے اور مخصوص موضوعات سے متعلق مواد کے ذریعے طلبہ کی تفہیم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ کسی کتاب کے ذریعے اچھے انداز سے وہی اساتذہ تدریس کر سکتے ہیں، جو اس کتاب کے طرزِ تحریر اور تقسیم مضامین سے واقف ہوں، نیز کتاب میں شامل تحریری مواد کے علاوہ دیگر چیزوں مثلاً مناظر اور سرگرمیوں وغیرہ کے مقاصد، سبق کے ساتھ ان کی مطابقت اور حاصلات تعلّم کی تحصیل میں ان سب کے اشتراک کا موزوں طریقہ جانتے ہوں۔ یہاں اساتذہ کی رہنمائی کے لیے اسلامیات کی اس کتاب کے اجزا کا تعارف اور تدریس کتاب کا طریقہ بیان کیا جاتا ہے، تاکہ وہ اس سے کماحقہٗ مستفید ہو سکیں۔

## تعارفی صفحہ:

اس کتاب کے ہر سبق میں [illegible] تعارفی صفحہ بنایا گیا ہے، جس میں طلبہ کی تفہیم اور دہرائی میں آسانی کے لیے تین اجزا ڈالے گئے ہیں:




- سبق میں بیان کردہ موضوعات کی جھلکیاں " اِنْ شَآءَ اللہ اس سبق میں ہم پڑھیں گے " کے تحت ڈالی گئی ہیں۔
- سبق سے متعلق ایک تعارفی جملہ ڈالا گیا ہے۔ یہ جملہ کہیں سبق کا مرکزی خیال پیش کرتا ہے اور کہیں سبق میں موجود اہم نکتہ۔
- سبق سے متعلق مختلف مناظر (visuals) ڈالے گئے ہیں۔ جو سبق کی تفہیم کروانے میں اساتذہ کے معاون ہیں۔

## اس سبق میں ہم نے سیکھا:

اس ہیڈنگ کے تحت سبق کے وہ اہم نکات ذکر کیے گئے ہیں، جنھیں یاد رکھنا بچّوں کے لیے ضروری ہے۔

**اس سبق میں ہم نے سیکھا**

- اللہ پاک سب کا خالق ہے۔
- زمین آسمان، چاند ستارے سب اُسی نے بنائے ہیں۔
- اللہ پاک سمیع اور بصیر ہے۔
- اللہ پاک سب کچھ سُنتا ہے۔
- اللہ پاک سب کچھ دیکھتا ہے۔

## مہکتا پھول:

اس ہیڈنگ کے تحت موضوع سے متعلق ایک ایسا اہم نکتہ بیان کیا گیا ہے، جو سبق میں موجود نہیں۔ اس نکتے کی اہمیت کے پیشِ نظر اسے مشقوں کا بھی حصّہ بنایا گیا ہے۔

**مہکتا پھول**

اللہ پاک کا ذکر کرنے سے دلوں کو سُکون ملتا ہے۔

Darulmadinah Int'l University Press

# اسلامیات پرائمری (سلسلہ راہِ اسلام)



## پیارے بچّو! کیا آپ جانتے ہیں؟

اللہ پاک کے پیارے ناموں کو ''اسمائے حُسنیٰ'' کہا جاتا ہے۔

**پیارے بچّو! کیا آپ جانتے ہیں؟**

اس کا مقصد طلبہ میں نئی معلومات حاصل کرنے کی جستجو پیدا کرنا ہے۔ اس کے تحت بھی اہم معلومات فراہم کی گئی ہے اور یہ بھی مشقوں کا حصّہ ہے۔



## پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

سب سے افضل ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔

**پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:**

اس ہیڈنگ کے تحت سبق سے متعلق پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ایسی احادیث مبارکہ بیان کی گئی ہیں، جن کا یاد کرنا بچّوں کے لیے آسان ہو۔

## تربیتی کام

الف: اللہ پاک ہمارے ہر کام کو دیکھ رہا ہے اور ہماری ہر بات کو سن رہا ہے۔ (✓) لگا کر بتائیے ہمیں کون سے کام کرنے چاہییں۔



**تربیتی کام:**

تربیتی کام کا مقصد بچّوں کو عملی طور پر بہتر سے بہتر مسلمان بنانا ہے۔ اس ہیڈنگ کے تحت چند ایسے کام دیے گئے ہیں، جو بچّوں کے عقیدے کی پختگی، عبادات پر استقامت اور اعمالِ صالحہ کرنے کے جذبے میں اضافے کا باعث بنیں۔ اس ہیڈنگ کے تحت بعض مقامات پر بچّوں میں اپنا جائزہ لینے کی عادت پیدا کرنے کے لیے بھی بعض سوالات دیے گئے ہیں۔ جائزہ لینے کی عادت بچّے میں نیکیاں کرنے کے جذبے کو بڑھانے کا باعث ہوتی ہے۔




اوّل کلمہ تا چہارم کلمہ یاد کرکے وقتاً فوقتاً پڑھتے رہیے۔

**تربیت:**

اس کے تحت سبق سے متعلق تربیتی نکتہ بیان کیا گیا ہے، جس کا مقصد حسبِ موضوع بچّوں کو عملی زندگی میں اچھائیاں اپنانے، بُرائیوں سے بچنے اور درست طریقے سے عبادت کرنے کا ذہن دینا ہے۔

## طریقۂ تدریس:

یہ کتاب خصوصی طور پر موضوعات کے حاصلات تعلّم (student learning outcomes) کو پیش نظر رکھ کر تیّار کی گئی ہے۔ نیز اسباق میں اساتذہ کے بجائے، طلبہ کو مخاطب کیا گیا ہے۔ کتاب میں حتّی المقدور کوشش کی گئی ہے، کہ اس کا مرکز طلبہ رہیں۔ اس کتاب کے ذریعے student-centered learning environment کا قیام عمل میں لانا آسان ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ اس کتاب کے لیے روایتی طریقۂ تدریس اپنانے کی بجائے اپنی کلاس کو student-centered بنانے کی کوشش کریں۔ اس کتاب کے ہر باب کے مقاصد مختلف ہیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ دورانِ تدریس ہر باب کے مقاصد کو پیشِ نظر رکھیں۔

### باب اوّل: حفظ و ترجمہ

اس باب کے تحت پہلا سبق قرآنی سورتوں اور مخصوص قرآنی آیات کا ہے۔ اس کا مقصد طلبہ کو محض سورتیں زبانی یاد کروا دینا نہیں بلکہ آیات کے معانی بتانا اور سورتوں سے حاصل ہونے والے درس کے مطابق طلبہ کو عمل کرنے کا ذہن دینا بھی ہے۔ آیتِ قرآنی حفظ کروانے کے لیے ضروری ہے، کہ اساتذہ خود درست مخارج کے ساتھ قرآن مجید پڑھنا جانتے ہوں۔ آیت کا حفظ کرنا اس کا ترجمہ جاننے کے بعد آسان ہو جاتا ہے، کیوں کہ ترجمہ جان لینے کے بعد طلبہ کی دلچسپی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس لیے اساتذہ پہلے

Darulmadinah Intl University Press

# اسلامیات پرائمری (سلسلہ راہِ اسلام)

آیتیں پڑھ کر سنائیں، اس کا ترجمہ بتائیں، پھر طلبہ کو آیتیں یاد کروائیں۔ آیات یا سورت سے حاصل ہونے والا درس بھی طلبہ کو اچھی طرح سمجھائیں، تاکہ اس کا اثر اُن کی عملی زندگی میں بھی نظر آئے۔

اس باب کے تحت دوسرا سبق اذکار و دعاؤں کا ہے۔ اس کا مقصد طلبہ کو مخصوص اذکار و دعائیں یاد کروانا اور اُنھیں حسبِ موقع اذکار و دعائیں پڑھنے کا ذہن دینا ہے۔ اذکار و دعائیں یاد کروانے سے قبل اگر ان کے فضائل غیر محسوس طریقے سے (implicitly) سمجھا دیے جائیں۔ اس طرح طلبہ نہ صرف انھیں جلد یاد کرلیں گے بلکہ انھیں حسبِ موقع پڑھنے کی عادت بھی بنالیں گے۔

## بابِ دوم: ایمانیات

اس باب کا مقصد طلبہ کو اسلامی عقائد سے روشناس کروانا اور یہ عقائد اُن کے دلوں میں راسخ کرنا ہے۔ عقائد کی تفہیم کے لیے استقرائی طریقۂ تدریس (inductive method of teaching) مؤثر ہے۔ عقائد کا معاملہ انتہائی حساس ہے، اس لیے طلبہ کو کتاب کے الفاظ ہی یاد کروائے جائیں۔

## بابِ سوم: عبادات

اس باب کا مقصد طلبہ کو عبادات کا طریقہ سکھانا اور انھیں درست طریقے سے عبادات کرنے کا ذہن دینا ہے۔ اس کے تحت بعض اسباق میں وضو، غسل اور نماز وغیرہ کے عملی طریقے بیان کیے گئے ہیں اور بعض اسباق میں مخصوص عبادت کی اہمیت، فضیلت اور فرائض وغیرہ بیان کیے گئے ہیں۔ جن اسباق کا تعلق عملی طریقے سے ہے، ان میں طلبہ کو کتاب میں موجود مناظر (visuals) کی مدد سے مختلف مرحلوں کو اختصار کے ساتھ بیان کرکے یاد کروایا جائے۔ اگر ممکن ہو تو ان کی عملی مشق کروائی جائے۔ بعد ازاں ان مرحلوں کی وضاحت کی جائے۔ جن اسباق میں فضیلت اور اہمیت وغیرہ بیان کی گئی ہے انھیں استقرائی طریقۂ تدریس سے پڑھایا جائے، جب کہ فرائض اور سنتیں وغیرہ یاد کرواکر اُن کی وضاحت کردی جائے۔

## بابِ چہارم: سیرتِ مصطفی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

اس باب کا مقصد طلبہ کو پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی حیاتِ طیبہ کے واقعات بتانا، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی شان و عظمت بیان کرنا اور طلبہ کے دلوں میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی محبت بڑھانا ہے۔ اس باب کے تحت جن اسباق میں واقعات بیان کیے گئے ہیں، ان کی تفہیم کے دوران اساتذہ ایک جگہ کھڑے نہ رہیں، واقعہ کی تفہیم کروانے کے لیے حرکات و سکنات اور آواز کے اُتار چڑھاؤ سے مدد لیں۔ واقعہ سننے میں بچّے دلچسپی رکھتے ہیں، مگر ضروری ہے کہ اسے دل چسپ انداز میں بیان کیا جائے۔ جن اسباق کا تعلق شان و عظمت اور فضیلت سے ہے، ان کی تفہیم استقرائی طریقۂ تدریس کے ذریعے کی جائے۔

## بابِ پنجم: اخلاقیات

اس باب کا مقصد طلبہ کو کھانے پینے، اُٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے اور روز مرہ کے دیگر معاملات کے آداب سکھانا اور اُن میں اچھے اخلاق پیدا کرنا ہے۔ آداب سکھانے سے قبل طلبہ کو ان کی اہمیت سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔ یہ آگاہی فرضی سوالات اور مثالوں کے ذریعے بھی کروائی جاسکتی ہے۔ اخلاق و آداب سکھاتے ہوئے، استقرائی (inductive) اور استخراجی (deductive) دونوں طریقۂ ہائے تدریس اختیار کیے جاسکتے ہیں۔

## بابِ ششم: مشاہیرِ اسلام

اس باب کا مقصد طلبہ کو انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام، صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان، اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللّٰہ اور دیگر مشاہیر اسلام کی سیرت کے مختلف گوشوں سے آگاہ کرنا، طلبہ کے دلوں میں اُن کی محبّت پیدا کرنا اور اُن کی پیروی پر اُبھارنا ہے۔ اس باب کی تدریس کے لیے سیرت کے باب میں بیان کردہ طریقے کے مطابق عمل کیجیے۔

Darulmadinah Int'l University Press

# فہرست


| نمبر | سبق | مقاصد | حاصلاتِ تعلّم<br>یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ: | باب |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | قُرآنِ مجید<br>صفحہ ۱-۶ | • تعوّذ، تسمیہ اور سورۂ اخلاص درست مخارج کے ساتھ مع ترجمہ زبانی یاد کروانا۔<br>• شیطان کے وسوسوں سے بچنے کے لیے تعوّذ پڑھنے کا ذہن دینا۔<br>• ہر جائز کام شروع کرنے سے پہلے تسمیہ پڑھنے کا ذہن دینا۔ | • تعوّذ، تسمیہ اور سورۂ اخلاص مع ترجمہ سنا سکیں گے۔<br>• تلاوت سے پہلے، وسوسے آنے پر، غصّہ آنے پر اور گدھے کی آواز سن کر تعوّذ پڑھنے لگیں گے۔<br>• ہر اچھّے کام سے پہلے تسمیہ پڑھنے لگیں گے۔<br>• تین بار سورۂ اخلاص پڑھنے کی فضیلت بتا سکیں گے۔ | بابِ اوّل: حفظ و ترجمہ |
| ۲ | اذکار و دُعائیں<br>صفحہ ۷-۱۲ | • تیسرا اور چوتھا کلمہ زبانی یاد کروانا۔<br>• نماز کے اذکار زبانی یاد کروانا۔ | • تیسرا اور چوتھا کلمہ سُنا سکیں گے۔<br>• نماز کے اذکار درست طریقے سے پڑھ سکیں گے۔ | بابِ اوّل: حفظ و ترجمہ |
| ۳ | اللہ پاک کے پیارے نام<br>صفحہ ۱۳-۱۸ | • اللہ پاک کے پیارے نام الخالق، السمیع اور البصیر کی تفہیم کروانا۔<br>• یہ بات اچھی طرح سمجھانا کہ اللہ پاک ہی ہر چیز کا خالق ہے، وہ سب کچھ دیکھتا ہے اور سب کچھ سُنتا ہے۔ | • بتا سکیں گے کہ زمین آسمان سورج چاند، ستارے اور ہر چیز کا پیدا کرنے والا اللہ پاک ہے۔<br>• بتا سکیں گے کہ اللہ پاک سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں وہ سب کچھ دیکھتا ہے۔<br>• بتا سکیں گے کہ اللہ پاک ہماری باتوں کو اور ہر آواز کو سنتا ہے۔ | بابِ دوم: ایمانیات |
| ۴ | انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام<br>صفحہ ۱۹-۲۲ | • انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کا تعارف بتانا۔<br>• انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کی چند خصوصیات بتانا۔<br>• چند مشہور انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کے نام بتانا۔<br>• دنیا میں تشریف لانے والے پہلے اور آخری نبی کے نام بتانا۔ | • انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کا تعارف بتا سکیں گے۔<br>• چند مشہور انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کے نام بتا سکیں گے۔<br>• بتا سکیں گے کہ انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام تمام مخلوقات سے افضل ہیں۔<br>• پہلے اور آخری نبی عَلَیْہِمَا السَّلَام کے نام سُنا سکیں گے۔ | بابِ دوم: ایمانیات |


Darulmadinah Int'l University Press

# فہرست


| باب | نمبر | سبق | مقاصد | حاصلات تعلّم (یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ:) |
|---|---|---|---|---|
| باب دوم: ایمانیات | ۵ | آسمانی کتابیں<br>صفحہ ۲۳-۲۸ | • آسمانی کتابوں کی تعریف سمجھانا۔<br>• چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام یاد کروانا۔<br>• قرآن مجید کا مختصر تعارف بتانا۔ | • آسمانی کتابوں کی تعریف بتا سکیں گے۔<br>• چار آسمانی کتابوں کے نام سنا سکیں گے۔<br>• بتا سکیں گے کہ قرآن مجید آخری آسمانی کتاب ہے۔<br>• بتا سکیں گے کہ قرآن مجید میں قیامت تک کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ |
| باب دوم: ایمانیات | ۶ | فرشتے<br>صفحہ ۲۹-۳۲ | • فرشتوں کا تعارف بتانا۔<br>• چار مشہور فرشتوں کے نام اور اُن کے کام سکھانا۔ | • فرشتوں کے بارے میں اہم معلومات بیان کر سکیں گے۔<br>• بتا سکیں گے کہ فرشتے ہر قسم کے گناہوں سے پاک ہوتے ہیں۔<br>• چار مشہور فرشتوں کے نام اور ان کے کام بتا سکیں گے۔ |
| باب سوم: عبادات | ۷ | وُضو<br>صفحہ ۳۳-۳۶ | • وُضو کی ضرورت سے آگاہ کرنا۔<br>• وُضو کا عملی طریقہ سکھانا۔ | • پاک صاف رہنے کی اہمیت بتا سکیں گے۔<br>• دُرست طریقے سے وُضو کر سکیں گے۔<br>• وُضو کے فرائض سُنا سکیں گے۔ |
| باب سوم: عبادات | ۸ | نماز<br>صفحہ ۳۷-۴۶ | • نماز کی اہمیت سے آگاہ کرنا۔<br>• مختلف نمازوں میں رکعات کی تعداد یاد کروانا۔<br>• نماز کا عملی طریقہ سکھانا۔ | • بتا سکیں گے کہ اللہ پاک نے ہمیں دن بھر میں پانچ نمازیں پڑھنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے۔<br>• مختلف نمازوں میں سنّتوں، فرائض اور واجبات کی رکعات کی تعداد بتا سکیں گے۔<br>• درست طریقے کے مطابق نماز پڑھ سکیں گے۔ |
| باب چہارم: سیرتِ مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم | ۹ | ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم<br>صفحہ ۴۷-۵۲ | • پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پیدائش کے دن اور جگہ سے آگاہ کرنا۔<br>• پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے بچپن کے واقعات بیان کرنا۔<br>• آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پرورش کے مختلف ادوار سے آگاہ کرنا۔ | • پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پیدائش کا دن اور جگہ بتا سکیں گے۔<br>• پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے بچپن کی چند باتیں بیان کر سکیں گے۔<br>• آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پرورش کے مختلف ادوار بیان کر سکیں گے۔ |


Darulmadinah Int'l University Press

# فہرست


| نمبر | سبق | مقاصد | حاصلاتِ تعلّم<br>یہ سبق پڑھنے کے بعد طلبہ: | باب |
|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | سچ بولنا<br>صفحہ ۵۳-۵۸ | • سچ بولنے کے فوائد بتا کر ہمیشہ سچ بولنے کا ذہن دینا۔<br>• جھوٹ کے نقصانات بتا کر ہمیشہ جھوٹ سے بچنے کا ذہن دینا۔ | • بتا سکیں گے کہ سچ نیکی ہے اور جھوٹ گناہ ہے۔<br>• سچ اور جھوٹ میں فرق واضح کر سکیں گے۔<br>• سچ کے فوائد بتا سکیں گے۔<br>• جھوٹ کے نقصانات بتا سکیں گے۔ | بابِ پنجم: اخلاقیات |
| ۱۱ | سلام و مصافحہ<br>صفحہ ۵۹-۶۴ | • سلام کرنے کا دُرست طریقہ سکھانا۔<br>• سلام اور جوابِ سلام کے الفاظ سکھانا۔<br>• مصافحہ کرنے کا طریقہ سکھانا۔ | • سلام کا دُرست طریقہ بتا سکیں گے۔<br>• سلام کے بہترین الفاظ بتا سکیں گے۔<br>• جوابِ سلام کے بہترین الفاظ بتا سکیں گے۔<br>• درست طریقے سے سلام اور مُصافحہ کریں گے۔<br>• سلام کرنے میں پہل کرنے کی فضیلت بتا سکیں گے۔ | |
| ۱۲ | کھانے پینے کے آداب<br>صفحہ ۶۵-۷۰ | • کھانا کھانے کے آداب سکھانا۔<br>• پانی پینے کے آداب سکھانا۔ | • کھانا کھانے کے آداب سُنا سکیں گے۔<br>• کھانا کھاتے وقت کھانے کے آداب کا خیال رکھیں گے۔<br>• پانی پینے کا سنّت طریقہ بیان کر سکیں گے۔<br>• سنّت طریقے کے مطابق پانی پینے لگیں گے۔ | |
| ۱۳ | سونے جاگنے کے آداب<br>صفحہ ۷۱-۷۴ | • سونے کے آداب سکھانا۔<br>• سوتے وقت کی دعا یاد کروانا۔<br>• جاگنے کے بعد کی دعا یاد کروانا۔ | • سونے جاگنے کے آداب بتا سکیں گے۔<br>• سونے سے پہلے سونے کی دعا اور جاگنے پر بیدار ہونے کی دعا پڑھ سکیں گے۔<br>• سوتے جاگتے ہوئے، سونے جاگنے کے آداب کا خیال رکھنے لگیں گے۔ | |
| ۱۴ | حضرت سیّدنا آدم عَلَیہِ السَّلام<br>صفحہ ۷۵-۷۸ | • حضرت سیّدنا آدم عَلَیہِ السَّلام کی شان و عظمت سے آگاہ کرنا۔<br>• آپ عَلَیہِ السَّلام کی پیدائش کا واقعہ بیان کرنا۔<br>• شیطان کی نافرمانی سے آگاہ کرنا۔ | • حضرت سیّدنا آدم عَلَیہِ السَّلام کی شان و عظمت بتا سکیں گے۔<br>• آپ عَلَیہِ السَّلام کی پیدائش کے بارے میں بتا سکیں گے۔<br>• بتا سکیں گے کہ ابلیس کو کس بات کی سزا ملی ہے۔<br>• بتا سکیں گے کہ تمام انسان حضرت سیّدنا آدم عَلَیہِ السَّلام کی اولاد ہیں۔ | بابِ ششم: مشاہیرِ اسلام |


Darulmadinah Intl University Press

## باب اوّل

# حفظ و ترجمہ

## قرآن مجید

اِنْ شَآءَ اللہ اس سبق میں ہم یاد کریں گے۔

- تَعَوُّذ
- تَسْمِیَہ
- سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص




Darulmadinah Int'l University Press

# قرآن مجید

## تَعَوُّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم

میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے۔

پیارے بچّو!

- قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم پڑھیے۔
- جب شیطان دل میں کوئی بُرا خیال ڈالے تو اُسے دور کرنے کے لیے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم پڑھیے۔
- جب کبھی غُصّہ آئے تو اُسے دور کرنے کے لیے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم پڑھیے۔
- جب گدھے کی آواز سُنائی دے تو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم پڑھیے۔

## تَسْمِيَه

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

Darulmadinah Int'l University Press

پیارے بچّو!

- قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے تعوّذ پڑھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھیے۔
- سبق پڑھنے اور لکھنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھیے۔
- کھانے پینے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھیے۔
- گھر میں داخل ہونے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھیے۔
- ہر اچّھے کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھیے۔

## باب دوم

# ایمانیات

## اللہ پاک کے پیارے نام

اِنْ شَآءَ اللہ اس سبق میں ہم پڑھیں گے۔

- اللہ پاک کا نام اَلْخَالِق
- اللہ پاک کا نام اَلسَّمِیْع
- اللہ پاک کا نام اَلْبَصِیْر

اللہ پاک سب کا پیدا کرنے والا ہے۔ اللہ پاک سب کچھ دیکھنے اور سُننے والا ہے۔




Darulmadinah Int'l University Press

# اللہ پاک کے پیارے نام

## الْخَالِق

ہم سب کو اللہ پاک نے پیدا فرمایا ہے۔ زمین، آسمان، سُورج، چاند اور ستارے سب اللہ پاک نے پیدا کیے ہیں۔ جانوروں، پرندوں اور مچھلیوں کو اللہ پاک نے پیدا کیا ہے۔ درختوں، پھولوں، سبزیوں اور پھلوں کو اللہ پاک نے پیدا کیا ہے۔ ہمارے ماں باپ، بہن، بھائی اور سب انسانوں کو بھی اللہ پاک نے پیدا کیا ہے۔ ہر ہر چیز کو اللہ پاک نے پیدا کیا ہے۔ اللہ پاک سب کا خالق ہے۔

Darulmadinah Int'l University Press



باب سوم


# عبادات

## وُضو

اِنْ شَآءَاللہ اس سبق میں ہم پڑھیں گے۔

- پاک و صاف رہنے کی اہمیت
- وُضو کا عملی طریقہ

اللہ کریم بہت زیادہ پاک صاف رہنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔




Darulmadinah Int'l University Press

# وُضو

ہمارا پیارا دین ہمیں پاک صاف رہنے کا درس دیتا ہے۔ نماز پڑھنے اور قُرآن مجید چُھونے سے پہلے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔ اسی لیے مُسلمان نماز پڑھنے اور قُرآن مجید چُھونے سے پہلے وُضو کرتے ہیں۔ اگر وُضو نہ ہو تو ہم نماز نہیں پڑھ سکتے اور قُرآن مجید بھی نہیں چُھو سکتے۔

## وُضو کا طریقہ

- بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہ پڑھیے۔
- دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھوئیے۔
- تین بار مسواک کیجیے۔
- تین بار اچّھی طرح کُلّی کیجیے۔
- تین بار ناک میں پانی چڑھائیے۔
- تین بار پورا چہرہ دھوئیے۔
- تین بار کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھوئیے۔
- ایک بار پورے سر کا مسح کیجیے۔
- تین بار دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئیے۔

پیارے بچّو! وُضو کرتے ہوئے پانی ضائع ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ ضرورت کے مطابق تھوڑا تھوڑا پانی استعمال کرنا چاہیے۔

| الفاظ | سمیت |
|---|---|
| معانی | کے ساتھ |

Darulmadinah Int'l University Press

باب چہارم

# سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

## ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

اِنْ شَآءَ اللہ اس سبق میں ہم پڑھیں گے۔

- ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پیدائش
- ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا بچپن
- ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پرورش

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سارے نبیوں کے سردار ہیں۔

حضرت محمّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

- دادا جان: حضرت عبدالمطّلب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
- والد ماجد: حضرت عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
- والدہ ماجدہ: حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا
- قبیلہ: قریش


پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی پرورش

- والدہ ماجدہ: حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا
- دادا جان: حضرت عبدالمطّلب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
- چچا: ابو طالب

Darulmadinah Int. University Press


# ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

ہمارے پیارے نبی حضرت محمّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم 12 ربیع الاوّل کو پیر کے دن مکّۂ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے والد کا نام حضرت عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اور والدہ کا نام حضرت آمنہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا ہے۔



## ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا بچپن

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا بچپن بھی بہت پیارا تھا۔ بچپن میں جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم آرام فرماتے تو فرشتے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو جُھولا جُھلاتے تھے۔ چاند کو اللہ پاک نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے لیے کھلونا بنادیا تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اُنگلی سے چاند کی طرف اشارہ فرماتے تو چاند آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اشاروں پر چلنے لگتا تھا۔



Darulmadinah Int'l University Press

## باب پنجم


# اخلاقیات

## سچ بولنا

اِنْ شَآءَ اللہ اس سبق میں ہم پڑھیں گے۔

- سچ کے فائدے
- جُھوٹ کے نقصانات

سچ بولنا اللہ پاک کو راضی کرنے والا کام ہے، جب کہ جُھوٹ بولنا اللہ پاک کو ناراض کرنے والا کام ہے۔




Darulmadinah International University Press

# سچ بولنا

اللہ پاک نے ہمیں سچ بولنے اور جُھوٹ سے بچنے کا حکم دیا ہے۔ سچ بولنے والے سے اللہ پاک خوش ہوتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ سچ نیکی ہے اور نیکی جنّت کی طرف لے جاتی ہے۔[9]

پیارے بچّو! ہمیشہ سچ بولیے کیوں کہ سچ بولنے کے بہت سارے فائدے ہیں۔

## سچ بولنے کے چند فائدے

- سچ بولنے والے سے اللہ پاک خوش ہوتا ہے۔
- سچ بولنے والا گُناہوں سے بچ جاتا ہے۔
- سچ بولنا جنّت میں لے جانے والا کام ہے۔
- سچ بولنے والے پر سب لوگ بھروسا کرتے ہیں۔
- سچ بولنے والے سے اُس کے امّی ابّو اور گھر والے خوش ہوتے ہیں۔

پیارے بچّو! جُھوٹ ہر گز نہ بولیے کیوں کہ جُھوٹ بولنا اللہ پاک کو سخت ناپسند ہے۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک جُھوٹ گُناہ ہے اور گُناہ جہنّم کی طرف لے جاتا ہے۔[10]

## جُھوٹ بولنے کے چند نقصانات

- جُھوٹ بولنے والے سے اللہ پاک ناراض ہوتا ہے۔
- جُھوٹ بولنے والا گُناہوں میں پڑ جاتا ہے۔
- جُھوٹ بولنا جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔
- جُھوٹ بولنے والے پر لوگ بھروسا نہیں کرتے۔
- جُھوٹ بولنے والے سے اُس کے امّی ابو اور گھر والے ناراض ہوتے ہیں۔



Darulmadinah Int'l University Press

باب ششم

# مشاہیرِ اسلام

## حضرت سیدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام

اِنْ شَآءَاللہ اس سبق میں ہم پڑھیں گے۔

- حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کی پیدائش کا واقعہ
- حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کی شان و عظمت
- شیطان کی گُستاخی اور اُس پر ملنے والی سزا

حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام پہلے انسان اور زمین پر تشریف لانے والے اللہ پاک کے پہلے نبی ہیں۔




Darulmadinah Int University Press

**پیارے بچو! کیا آپ جانتے ہیں؟**

اللہ پاک نے
- فرشتوں کو نور سے پیدا فرمایا۔
- انسانوں کو مٹّی سے پیدا فرمایا۔
- جنّوں کو آگ سے پیدا فرمایا۔

**مہکتا پھول**

حضرت سیّدنا آدم علیہ السّلام تمام انسانوں کے باپ اور حضرت حوّا رضی اللہ عنہا تمام انسانوں کی ماں ہیں۔

# مشق

## الف: زبانی سوالات

١ سارے انسان کن کی اولاد ہیں؟
٢ اللہ پاک نے حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کو کس چیز سے پیدا فرمایا؟
٣ اللہ پاک نے فرشتوں کو کس بات کا حکم دیا؟
٤ ابلیس کو کس بات کی سزا ملی؟

## ب: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے۔

سجدہ — دُنیا — خلیفہ

١ اللہ پاک نے حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کو زمین پر اپنا ____________ بنایا۔
٢ حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کو سب فرشتوں نے ____________ کیا۔
٣ حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کی اولاد نے اس ____________ کو آباد کیا۔

Darulmadinah Int'l University Press

ج: تعارفی صفحے کی مدد سے حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کے بارے میں چار باتیں لکھیے۔




Darulmadinah Int'l University Press

## سرگرمی

تعارفی صفحے پر حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کے حوالے سے دی گئی معلومات کو کارڈ پیپر (رنگین کاغذ) پر بنائیے۔

## اس سبق میں ہم نے سیکھا

- حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام تمام انسانوں کے باپ ہیں۔
- شیطان ایک جنّ ہے جس نے اللہ پاک کی نافرمانی کی۔
- اللہ پاک نے حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام کو زمین پر اپنا خلیفہ بنایا۔
- اللہ پاک نے حضرت سیّدنا آدم عَلَیْہِ السَّلَام اور حضرت حوّا رَضِیَ اللہُ عَنْہَا کو جنّت میں رکھا اور کچھ عرصے بعد آپ دونوں کو زمین پر بھیج دیا۔

# حوالہ جات


1. مسند احمد، جلد24، صفحہ376، حدیث15610
2. سنن ترمذی، جلد5، صفحہ462، حدیث3383
3. سنن ابن ماجہ، جلد2، صفحہ1251، حدیث3807
4. مستدرک، جلد1، صفحہ755، حدیث2080
5. صحیح مسلم، جلد1، صفحہ203، حدیث223
6. مسند احمد، جلد23، صفحہ29، حدیث14662
7. کنز العمال، جلد7، صفحہ284، حدیث18889
8. مدارج نبوت، جلد2، صفحہ37
9. صحیح بخاری، جلد8، صفحہ25، حدیث6094
10. صحیح بخاری، جلد8، صفحہ25، حدیث6094
11. الترغیب والترہیب، جلد3، صفحہ369، حدیث4463
12. شرح الشفا، جلد2، صفحہ118
13. سنن ترمذی، جلد5، صفحہ52، حدیث2689
14. صحیح بخاری، جلد7، صفحہ68، حدیث5376
15. الترغیب والترہیب، جلد1، صفحہ230، حدیث877


Darulmadinah Int'l University Press

# اسلامیات

## سلسلہ راہِ اسلام (پرائمری)

بچّے پھول کی مانند ہوتے ہیں۔ اُن کی دیکھ بھال بھی پھولوں کی طرح ہونی چاہیے۔ بچّوں کی تعلیم و تربیت میں اُن کی ذہنی استعداد اور مزاج کا خیال رکھنا چاہیے۔ اسلامیات کی زیر نظر کتاب سلسلہ راہِ اسلام (پرائمری) کا ایک حصّہ ہے، جو اسی سوچ کا نتیجہ ہے۔ اس سلسلے میں حقیقی اسلامی تعلیمات کو بچّوں کی نفسیات کے مطابق دلچسپ بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ جاذب نظر طباعت، بامقصد تصاویر، جامع و آسان تحریر، شاندار ترتیب اور مفید مشقیں اس سلسلے کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ اللہ پاک کی رحمت سے اُمید ہے کہ اسلامیات کی درسی کتابوں کا یہ سلسلہ راہِ اسلام معاشرے کو باشعور، باعمل مسلمان فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو گا۔




کتابوں، کاپیوں اور مقدس تحریروں کا ادب کیجیے۔

Dar-ul-Madinah International University Press

دارالمدینہ (ہیڈ آفس)
دارالمدینہ انٹرنیشنل ایجوکیشنل سیکریٹریٹ

پلاٹ نمبر 171، بلاک 13/A، نزد گیلانی مسجد، گلشنِ اقبال، کراچی، پاکستان۔
فون نمبر: +92-21-34990226 | ای میل: sales@dmiup.com
موبائل نمبر: +92-313-2626037 | ویب سائٹ: www.dmiup.com

9789696910299

Darulmadinah Int'l University Press